# Tarjuma Tul Quran Majeed - FA Part 1 Tarjmatul Quran Chapter 1 Short Questions Test

Q1. غزوہ تبوک سے کیا نتائج حاصل ہوئے؟

**Ans 1:** غزوہ تبوک کے لیے مسلمانوں کی جنگی مہم جوئی نے اسلامی دعوت کو بہت قوت پہنچائی - مسلمانوں کا عزم اور ہمت دیکھ کر کافروں کے حوصلے پست ہوگئے- یہ دیکھ کر روم کا بادشاہ ہر قل بہت مرعوب ہوا- ایلہ کے رئیس یوھنا نے جزیہ دینا قبول کیا-تمام حاکموں نے جزیہ دینے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کے زیر سایہ رہنے پر آمادگی ظاہر کی- یہ مسلمانوں کی بہت بڑی فتح تھی.

---

Q2. مباہلہ کے کیا معنی ہے.

**Ans 1:** مباہلہ کے معنی ہے کہ کسی عقیدے کے بارے میں مختلف آرا رکھنے والے لوگ نہایت عاجزی سے اللہ تعالی کے دربار میں یہ دعا کریں کہ ان میں سے جو جھوٹا ہو اس پر اللہ تعالی کی لعنت اور پکڑ ہو.

---

Q3. مال و اولاد کی محبت فتنہ کب بنتی ہے.؟

**Ans 1:** مال و اولادکی محبت میں حد سے بڑھ جانا فتنے کا باعث ہے.

---

Q4. سورہ البقرہ کس زبان کا لفظ ہے اس کے معنی کیا ہے.

**Ans 1:** سورہ البقرہ عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی گائے ہے.

---

Q5. سورہ التوبہ کے شروع میں تسمیہ(بسمہ اللہ الرحمٰن الرحیم) کیوں نہیں ہے؟

**Ans 1:** بسمہ اللہ نے لکھنے کی ایک وجہ یہ بھی بیان کی گئی ہے کہ اس سورت کا نزول امان کا حکم اٹھالینے کےلیے ہوا اور بسمہ اللہ الرحمٰن الرحیمہ امان کی تعلیم ہے.

---

Q6. مباہلہ کا واقعہ تحریر کریں-

**Ans 1:** مباہلہ کا پس منظر یہ ہے کہ عرب کے علاقے نجران میں نصاریٰ بڑی تعداد میں آباد تھے- ان کا ایک وفد نبی کریم خاتم النبین کے پاس مدینہ منورہ آیا- یہ وفد ساٹھ افراد پر مشتمل تھا- ان میں چودہ برے سردار بھی تھے. ان سرداروں میں تین افراد بہت خاص تھے- ان کے دینی و دنیاوی معاملات وہی تین افراد دیکھتے تھ- یہ وفد اعلان نبوت کی خبر سن کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین سے مناظرہ کرنے کی غرض سے آیا تھا- اس وفد نے بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین میں اپنے گمراہ کن عقائد پر دلائل دینے شروع کردیے. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے تمام دلائل سماعت فرما کر ایک ایک دلیل کو رد فرمایا اور وہ لوگ لاجواب ہوتے چلے گئے- پھر اللہ تعالی نے سورۃ ال عمران کی آیت نمبر اکسٹھ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ان سے مباہلہ کرنے کا حکم دیا.

---

Q7. سورۃ ال عمران کا مرکزی مضمون کیا ہے.

**Ans 1:** "سورۃ ال عمران کا مرکزی مضمون " اہل کتاب کی غلطیوں کا پردہ چاک کرنا اور اہل اسلام کو ان کی زمہ داریوں کا احساس دلانا ہے".

---

Q8. سورۃ التوبہ کے دو نام تحریر کریں-

**Ans 1:** مفکرین نے اس سورت کے مختلف نام زکر کیہے ہیں لیکن زیادہ مشہور نام ہیں- سورۃ التوبہ اور سورۃ البراءۃ ہے.

---

Q9. سورۃ البقرہ کے مطالعے کے دو علمی اور عملی نکات تحریر کریں-

**Ans 1:** 1- ایمان کا اظہار عمل س ہوتا ہے جس میں اولین عمل نماز ادا کرنا ہے. 2- اللہ تعالی کے حکم کی خلاف ورزی اور تکبر کرنا شیطانی طرز عمل ہے.

---

Q10. لفظ کے معنی تحریر کریں- توتی- تعز- تولج-ان یمدکم-خلق-قیما-علی جنوبهم-فقنا-انصار

**Ans 1:** تؤتی- تو عطا فرماتا ہے - تعز- تو عزت عطا فرماتا ہے- تولج- تو داخل کرتاہے ان یمدکم- - کہ تمھاری مدد فرمائے- خلق- تخلیق- قیما- کھڑے کھڑے- علی جنوبهم- لیٹے ہوئے- فقنا- تو ہیں بچالے- انصار- مدد گار

---